نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت پنجاب کی ہدایت پر مہنگے داموں کھاد فروخت کرنے والے ڈیلرز کے خلاف کاروائیاں

لاہور:10نومبر2024: وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی ہدایات پر صوبہ میں مہنگے داموں کھاد کی فروخت میں ملوث ڈیلرز کے خلاف کاروائیاں کی گئیں۔ کھاد کی قیمتوں میں ناجائز اضافے کے خلاف مؤثر اقدامات کرتے ہوئے مختلف اضلاع میں کاروائیاں کی ہیں، جس کا مقصد کسانوں کو کھاد کی مناسب قیمت پر فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ گزشتہ دو دنوں کے دوران اوکاڑہ، دیپالپور، منڈی بہاؤالدین، نارووال، اور چیچہ وطنی میں چھاپے مارے گئے، جن میں مجموعی طور پر 5 مقدمات درج کیے گئے، 4ڈیلرز گرفتار ہوئے اور 4 دوکانیں سیل کی گئیں۔ مزید براں، ایک ڈیلر پر 40,000 روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ اس ضمن میں ضلع اوکاڑہ میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر نے نول پلاٹ میں حکیم علی کے کھاد اسٹور پر چھاپہ مار کر ڈی اے پی کی قیمت میں اضافے پر کارروائی کرتے ہوئے دوکان سیل اور مقدمہ درج کرایا۔ دیپالپور میں حجرہ شاہ مقیم کے عرفان کھاد اسٹور پر جرمانہ عائد کیا گیا۔ اسی طرح منڈی بہاؤالدین اور نارووال میں بھی محکمہ زراعت توسیع کے افسران نے کارروائیاں کیں، ان کاروائیوں کے دوران ڈیلرز کو گرفتار کر کے دوکانیں سیل کی گئیں۔ صوبائی وزیر زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر مہنگے داموں کھاد فروخت کرنے اور کاشتکاروں کا استحصال کرنے والے عناصر کے خلاف زیرو ٹالرینس پالیسی پر عملدرآمد کیا جارہا ہے۔

☆☆☆☆